ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (397)

مورخہ 23.08.25

**بہاول پور(                )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کا سماج دشمن عناصر کے خلاف گرینڈ آپریشن، مختلف کارروائیوں میں 09 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات اور اسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے، ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن منشیات سے پاک پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد حسن اقبال کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ مسافرخانہ اور تھانہ نوشہرہ جدید پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 02 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 80 لیٹر شراب برآمد کرلی۔ اسی طرح تھانہ کینٹ اور تھانہ ڈیراور پولیس نے 02 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 01 کلو 790 گرام چرس برآمد کرلی۔ جبکہ اسلحہ ناجائز کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے تھانہ سول لائنز، بغدادالجدید، عباس نگر، ڈیرہ نواب صاحب اور تھانہ چنی گوٹھ پولیس نے 05 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ 04 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد ریوالور 32 بور برآمد کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔ اس موقع پر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈی پی او محمد حسن اقبال کے احکامات، پولیس کی مختلف کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((398

23.08.25

**بہاول پور(            )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی ہدایات کی روشنی میں تھانہ سول لائنزپولیس کی کامیاب کارروائی، چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار، ملزم کے قبضہ سے 04عدد چوری شدہ موٹر سائیکلز بر آمد۔ عوام الناس کو لوٹنے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں، جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رہے گا،ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن جرائم سے پاک پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی ہدایات کی روشنی میں تھانہ سول لائنزپولیس نے دن رات محنت سے خفیہ معلومات، انٹیلی جنس ذرائع، ہیومن ریسورسز، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور موثر حکمت عملی سے اسپیشل ٹیم تشکیل دے کرچوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزم رمضان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزم کے قبضہ سے چوری شدہ04عدد موٹر سائیکل اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ ناجائز بھی بر آمد کرلیا گیا۔ گرفتار ملزم سے مزید انٹیروگیشن جاری ہے، جلد اس کے باقی ساتھیوں کو بھی گرفتار کرلیا جائے گا۔ برآمد شدہ موٹر سائیکلز ضروری کارروائی کے بعد اصل مالکان کے حوالے کی جارہی ہے۔علاقہ مکینوں نے ملزمان کی گرفتاری پر تھانہ سول لائنزپولیس کا شکریہ ادا کیا۔ڈی پی او بہاولپور محمد حسن اقبال نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ جرائم پیشہ افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں، ایسے جرائم پیشہ عناصر کو قانون کے مطابق منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈی پی او محمد حسن اقبال کے احکامات، تھانہ سول لائنز پولیس کی کامیاب کارروائی، چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار، چوری شدہ موٹر سائیکلز برآمد